© rasailojaraid.com

مفید اور لائق مطالعہ ہے۔

اسلام اور عصر حاضر: از مولانا محمد شہاب الدین ندوی، تقطیع متوسط، ضخامت ۱۹۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد ۶/-

پتہ:- فرقانیہ اکیڈمی، جک بانا ور، بنگلور نارتھ۔

لائق مصنف اسلامیات کے معروف مصنف اور مقالہ نگار ہیں، ہمارے زمانہ میں سائنس اور ٹکنالوجی کی حیرت انگیز اور غیر معمولی ترقی نے اہلِ مذاہب کے دل و دماغ میں جو مرعوبیت اور اُس کی وجہ سے مذہب کے بعض مسلمات اور اُس کی تعلیمات سے متعلق جو شکوک و شبہات پیدا کر دیے ہیں اُن کو دفع کرنا اور سائنس کے ہی مسلمات کی روشنی میں اسلامی حقائق کو ثابت کرنا موصوف کی تصنیف و تالیف کا خاص مشن ہے، اس سلسلے میں وہ متعدد کتابیں شایع کر چکے ہیں جو اسلامی حلقوں سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں، زیرِ تبصرہ کتاب جو اٹھارہ مقالات کا مجموعہ ہے جن میں سے اکثر و بیشتر صدق میں شائع ہوتے ہیں اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، یہ مقالات ترتیب کے اعتبار سے تین ابواب پر تقسیم ہیں، پہلے باب کا عنوان ہے "قرآن اور سائنس" دوسرے کا "قرآن اور خلائیات" اور تیسرے کا "انسانیت کی تشکیلِ جدید" تینوں عنوانات نہایت بھاری بھرکم اور وسیع تر علم و تحقیق کے متقاضی ہیں، تاہم اس کتاب میں بھی جو کچھ ہے، دلچسپ، مؤثر اور بصیرت افروز ہے، اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

گزارش

خریدارئ برہان یا ندوۃ المصنفین کی ممبری کے سلسلے میں خط و کتابت کرتے وقت یا منی آرڈر کوپن پر برہان کی چٹ نمبر کا حوالہ دینا نہ بھولیں۔ تاکہ تعمیلِ ارشاد میں تاخیر نہ ہو۔ اس وقت سخت دشواری ہوتی ہے جب ایسے موقع پر آپ صرف نام لکھنے پر اکتفا کر لیتے ہیں۔ اور بعض حضرات تو صرف دستخط ہی کو کافی خیال کرتے ہیں۔

© rasailojaraid.com